القرآن الكريم

سُورَةُ البَقَرَة

سُورَةُ النُّورِ

لفظی اور بامحاورہ ترجمہ

By Shehla Rani

HAQUE
Coaching and Consulting
00966 503 370483

﴿ سُورَةُ النُّورِ﴾

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

سُورَةٌ أَنزَلۡنَٰهَا وَفَرَضۡنَٰهَا وَأَنزَلۡنَا

سُورَةٌ	أَنزَلۡنَٰهَا	وَفَرَضۡنَٰهَا	وَأَنزَلۡنَا
(یہ)سورت ہے	ہم نے اسے نازل کیا ہے	اور ہم نے اس (کے احکام) کو فرض کیا ہے	اور ہم نے نازل کیں
یہ ایک عظیم سورت ہے ہم نے اس کو نازل کیا ہے اور اس کو تم پر فرض کیا ہے			

فِيهَآ ءَايَٰتِۭ بَيِّنَٰتٖ لَّعَلَّكُمۡ تَذَكَّرُونَ ١ ٱلزَّانِيَةُ

فِيهَآ	ءَايَٰتِۭ	بَيِّنَٰتٖ	لَّعَلَّكُمۡ	تَذَكَّرُونَ ١	ٱلزَّانِيَةُ
اس میں	آیات	واضح	تاکہ تم	نصیحت حاصل کرو	زنا کرنے والی عورت
اور ہم نے اس میں بڑی روشن آیات نازل کی ہیں تاکہ تم نصیحت حاصل کرو۔					

وَٱلزَّانِي فَٱجۡلِدُواْ كُلَّ وَٰحِدٖ مِّنۡهُمَا مِاْئَةَ جَلۡدَةٖۖ

وَٱلزَّانِي	فَٱجۡلِدُواْ	كُلَّ وَٰحِدٖ	مِّنۡهُمَا	مِاْئَةَ	جَلۡدَةٖۖ
اور زنا کرنے والے مرد	پس تم مارو	ہر ایک کو	ان دونوں میں سے	سو	کوڑے
زنا کرنے والی عورت اور زنا کرنے والے مرد دونوں میں سے ہر ایک کو سو سو کوڑے مارو					

وَلَا تَأۡخُذۡكُم بِهِمَا رَأۡفَةٌ فِي دِينِ ٱللَّهِ إِن كُنتُمۡ

وَلَا تَأۡخُذۡكُم	بِهِمَا	رَأۡفَةٌ	فِي دِينِ ٱللَّهِ	إِن	كُنتُمۡ
اور تمھیں نہ پکڑے	ان دونوں کے حق میں	نرمی	اللہ کے دن (پر عمل کرنے) میں	اگر	ہو تم
ان پر اللہ کی شریعت کی حد جاری کرتے ہوئے تمھیں ہر گز ترس نہ کھانا چاہیے					

تُؤۡمِنُونَ بِٱللَّهِ وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِۖ وَلۡيَشۡهَدۡ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٞ

تُؤۡمِنُونَ	بِٱللَّهِ	وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِۖ	وَلۡيَشۡهَدۡ	عَذَابَهُمَا	طَآئِفَةٞ
ایمان لاتے	اللہ پر	اور آخرت کے دن پر	اور چاہیے کہ حاضر ہو	ان دونوں کی سزا کو	ایک گروہ
اگر تم اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لاتے ہو۔ اور چاہیے کہ ان دونوں کی اس سزا کے وقت اہل ایمان کا ایک گروہ موجود رہے۔					

مِّنَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ٢ ٱلزَّانِي لَا يَنكِحُ إِلَّا زَانِيَةً أَوۡ

مِّنَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ٢	ٱلزَّانِي	لَا يَنكِحُ	إِلَّا	زَانِيَةً	أَوۡ
مومنوں میں سے	زانی مرد	نکاح نہیں کرتا	مگر	زانی	اور
زانی مرد کو روا نہیں کہ وہ نکاح کرے مگر کسی زانیہ ہی سے یا مشرکہ سے					

مُشۡرِكَةٗ وَٱلزَّانِيَةُ لَا يَنكِحُهَآ إِلَّا زَانٍ أَوۡ

مُشۡرِكَةٗ	وَٱلزَّانِيَةُ	لَا يَنكِحُهَآ	إِلَّا	زَانٍ	أَوۡ
مشرکہ عورت ہی سے	اور زانی عورت	نکاح نہیں کرتا اس سے	مگر	زانی	یا
اور زانیہ عورت بھی اس لائق نہیں کہ اس سے کوئی نکاح کرے مگر صرف زانی مرد یا کوئی مشرک۔					

مُشْرِكٌۚ وَحُرِّمَ ذَٰلِكَ عَلَى ٱلْمُؤْمِنِينَ۝٣ وَٱلَّذِينَ يَرْمُونَ

مُشْرِكٌۚ	وَحُرِّمَ	ذَٰلِكَ	عَلَى ٱلْمُؤْمِنِينَ۝٣	وَٱلَّذِينَ	يَرْمُونَ
مشرک	اور حرام کر دیا گیا ہے	یہ	مومنوں پر	اور وہ لوگ جو	تہمت لگاتے ہیں

اور حرام کر دیا گیا ہے یہ (زانی اور زانیہ سے نکاح) مومنوں پر۔

ٱلْمُحْصَنَٰتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوا۟ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَٱجْلِدُوهُمْ

ٱلْمُحْصَنَٰتِ	ثُمَّ	لَمْ يَأْتُوا۟	بِأَرْبَعَةِ	شُهَدَآءَ	فَٱجْلِدُوهُمْ
پاک دامن عورتوں پر	پھر	وہ نہیں لاتے	چار	گواہ	تو تم انہیں مارو

اور جو لوگ پاک دامن عورتوں پر زنا کی تہمت لگائیں پھر وہ چار گواہ نہ لا سکیں

ثَمَٰنِينَ جَلْدَةً وَلَا تَقْبَلُوا۟ لَهُمْ شَهَٰدَةً أَبَدًاۚ

ثَمَٰنِينَ	جَلْدَةً	وَلَا تَقْبَلُوا۟	لَهُمْ	شَهَٰدَةً	أَبَدًاۚ
اسی (80)	کوڑے	اور تم قبول نہ کرو	ان کی	گواہی	کبھی بھی

تو ایسے لوگوں کو اسی (80) کوڑے لگاؤ اور آئندہ کبھی ان کی شہادت قبول نہ کرو۔

وَأُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْفَٰسِقُونَ۝٤ إِلَّا ٱلَّذِينَ تَابُوا۟ مِنۢ بَعْدِ ذَٰلِكَ

وَأُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ	ٱلْفَٰسِقُونَ۝٤	إِلَّا	ٱلَّذِينَ	تَابُوا۟	مِنۢ بَعْدِ ذَٰلِكَ
اور یہی لوگ	فاسق ہیں	مگر	وہ لوگ جنہوں نے	توبہ کی	اس کے بعد

اور یہی لوگ فاسق ہیں۔ سوائے ان لوگوں کے جو اس کے بعد توبہ اور اپنی اصلاح کر لیں

وَأَصۡلَحُواْ فَإِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٞ رَّحِيمٞ ۝٥ وَٱلَّذِينَ

وَٱلَّذِينَ	رَّحِيمٞ ۝٥	غَفُورٞ	ٱللَّهَ	فَإِنَّ	وَأَصۡلَحُواْ
اور وہ لوگ جو	نہایت رحم کرنے والا ہے	بہت بخشنے والا	اللہ	تو بیشک	اور اصلاح کرلی
تو بیشک اللہ بہت بخشنے والا نہایت رحم کرنے والا ہے۔					

يَرۡمُونَ أَزۡوَٰجَهُمۡ وَلَمۡ يَكُن لَّهُمۡ شُهَدَآءُ إِلَّآ

إِلَّآ	شُهَدَآءُ	لَّهُمۡ	وَلَمۡ يَكُن	أَزۡوَٰجَهُمۡ	يَرۡمُونَ
مگر	(اس پر) گواہ	ان کے لیے	اور نہ ہوں	اپنی بیویوں پر	تہمت لگاتے ہیں
اور وہ لوگ جو اپنی بیویوں پر زنا کا الزام لگائیں اور ان کے پاس اپنی ذات کے سوا اور گواہ نہ ہوں					

أَنفُسُهُمۡ فَشَهَٰدَةُ أَحَدِهِمۡ أَرۡبَعُ شَهَٰدَٰتِۭ بِٱللَّهِ إِنَّهُۥ

إِنَّهُۥ	بِٱللَّهِ	أَرۡبَعُ شَهَٰدَٰتِۭ	أَحَدِهِمۡ	فَشَهَٰدَةُ	أَنفُسُهُمۡ
کہ بیشک وہ (شخص)	اللہ کی قسم کے ساتھ	چار گواہیاں ہیں	ان میں سے ایک کی	تو گواہی	بذات خود ہی
تو ایسے ایک شخص کی گواہی یہ ہے کہ اللہ کی قسم کے ساتھ چار بار گواہی دے کہ وہ یقیناً سچوں میں سے ہے۔					

لَمِنَ ٱلصَّٰدِقِينَ ۝٦ وَٱلۡخَٰمِسَةُ أَنَّ لَعۡنَتَ ٱللَّهِ عَلَيۡهِ إِن

إِن	عَلَيۡهِ	لَعۡنَتَ ٱللَّهِ	أَنَّ	وَٱلۡخَٰمِسَةُ	لَمِنَ ٱلصَّٰدِقِينَ ۝٦
اگر	اس پر	اللہ کی لعنت ہو	یہ کہ بیشک	اور پانچویں (مرتبہ)	یقیناً سچوں میں سے ہے
اور پانچویں مرتبہ یہ کہے کہ اس پر اللہ کی لعنت ہو اگر وہ جھوٹا ہو۔					

كَانَ مِنَ ٱلْكَـٰذِبِينَ۝٧ وَيَدْرَؤُا۟ عَنْهَا ٱلْعَذَابَ أَن تَشْهَدَ

أَن تَشْهَدَ	ٱلْعَذَابَ	عَنْهَا	وَيَدْرَؤُا۟	مِنَ ٱلْكَـٰذِبِينَ۝٧	كَانَ
یہ بات کہ وہ عورت گواہی دے	سزا	اس (عورت) سے	اور ہٹادے گی	جھوٹوں میں سے	وہ ہو

اور اس عورت سے یہ بات سزا کو ٹال سکتی ہے کہ وہ چار دفعہ گواہی دے

أَرْبَعَ شَهَـٰدَٰتٍۭ بِٱللَّهِ ۙ إِنَّهُۥ لَمِنَ ٱلْكَـٰذِبِينَ۝٨ وَٱلْخَـٰمِسَةَ

وَٱلْخَـٰمِسَةَ	لَمِنَ ٱلْكَـٰذِبِينَ۝٨	إِنَّهُۥ	بِٱللَّهِ	شَهَـٰدَٰتٍۭ	أَرْبَعَ
اور پانچویں (مرتبہ)	یقیناً جھوٹوں میں سے ہے	کہ بیشک وہ (شخص)	اللہ کی قسم کے ساتھ	گواہیاں	چار

اللہ کی قسم کے ساتھ کہ وہ (اس کا شوہر) یقیناً جھوٹا ہے۔ اور پانچویں مرتبہ یہ کہے

أَنَّ غَضَبَ ٱللَّهِ عَلَيْهَآ إِن كَانَ مِنَ ٱلصَّـٰدِقِينَ۝٩

مِنَ ٱلصَّـٰدِقِينَ۝٩	كَانَ	إِن	عَلَيْهَآ	غَضَبَ ٱللَّهِ	أَنَّ
سچوں میں سے	ہو وہ (مرد)	اگر	اس (عورت) پر	اللہ کا غضب ہو	یہ کہ بیشک

کہ اس پر اللہ کا غضب ہو اگر اس کا شوہر سچوں میں سے ہو۔

وَلَوْلَا فَضْلُ ٱللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُۥ وَأَنَّ ٱللَّهَ

ٱللَّهَ	وَأَنَّ	وَرَحْمَتُهُۥ	عَلَيْكُمْ	فَضْلُ ٱللَّهِ	وَلَوْلَا
اللہ	اور یہ کہ بیشک	اور اس کی رحمت	تم پر	اللہ کا فضل	اور اگر نہ ہوتا

اور اگر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی (تو تم پر مشقت اترتی)

تَوَّابٌ حَكِيمٌ ١٠ إِنَّ ٱلَّذِينَ جَآءُو بِٱلْإِفْكِ عُصْبَةٌ

تَوَّابٌ	حَكِيمٌ ١٠	إِنَّ	ٱلَّذِينَ	جَآءُو بِٱلْإِفْكِ	عُصْبَةٌ
بہت توبہ قبول کرنے والا ہے	نہایت حکمت والا ہے	بیشک	وہ لوگ جو	جھوٹ (بہتان) گھڑ لائے ہیں	ایک گروہ ہے
اور اللہ بہت توبہ قبول کرنے والا ہے نہایت حکمت والا ہے۔ جو لوگ یہ بہتان گھڑ لائے ہیں' یہ تم ہی میں سے ایک گروہ ہے					

مِّنكُمْ لَا تَحْسَبُوهُ شَرًّا لَّكُم بَلْ هُوَ

مِّنكُمْ	لَا تَحْسَبُوهُ	شَرًّا	لَّكُم	بَلْ	هُوَ
تم ہی میں سے	تم اسے نہ سمجھو	برا	اپنے لیے	بلکہ	وہ
تم اسے اپنے لیے برا نہ سمجھو بلکہ یہ تو تمھارے حق میں بہتر ہے					

خَيْرٌ لَّكُمْ لِكُلِّ ٱمْرِيٍ مِّنْهُم مَّا ٱكْتَسَبَ

خَيْرٌ	لَّكُمْ	لِكُلِّ ٱمْرِيٍ	مِّنْهُم	مَّا	ٱكْتَسَبَ
بہتر ہے	تمھارے لیے	ہر ایک شخص کے لیے	ان میں سے (سزا ہے اس قدر)	جو کچھ	اس نے کمایا
ان میں سے ہر ایک کے لیے وہی گناہ ہے جو اُس نے کمایا					

مِنَ ٱلْإِثْمِ وَٱلَّذِى تَوَلَّىٰ كِبْرَهُۥ مِنْهُمْ لَهُۥ

مِنَ ٱلْإِثْمِ	وَٱلَّذِى	تَوَلَّىٰ	كِبْرَهُۥ	مِنْهُمْ	لَهُۥ
گناہ سے	اور وہ شخص جس نے	اُٹھایا	بڑا بوجھ اس (گناہ) کا	ان میں سے	اس کے لیے
اور ان میں سے جس نے اس کا بڑا بوجھ اپنے سر لیا اس کے لیے تو بہت بڑا عذاب ہے۔					

عَذَابٌ عَظِيمٌ۝١١ لَّوۡلَآ إِذۡ سَمِعۡتُمُوهُ ظَنَّ ٱلۡمُؤۡمِنُونَ

عَذَابٌ عَظِيمٌ۝١١	لَّوۡلَآ	إِذۡ	سَمِعۡتُمُوهُ	ظَنَّ	ٱلۡمُؤۡمِنُونَ
عذاب عظیم ہے	کیوں نہیں	جب	تم نے اس کو سنا تو	خیال کیا	مومن مردوں نے
ایسا کیوں نہ ہوا کہ جب تم لوگوں نے یہ بات سنی تو مومن مرد اور مومن عورتیں اپنے بارے میں اچھا گمان کرتے					

وَٱلۡمُؤۡمِنَٰتُ بِأَنفُسِهِمۡ خَيۡرًا وَقَالُواْ هَٰذَآ إِفۡكٌ

وَٱلۡمُؤۡمِنَٰتُ	بِأَنفُسِهِمۡ	خَيۡرًا	وَقَالُواْ	هَٰذَآ	إِفۡكٌ
اور مومن عورتوں نے	اپنے دلوں میں	نیک	اور انہوں نے کہا	یہ (تو)	بہتان ہے
اور کہہ دیتے کہ یہ تو ایک کھلا بہتان ہے!					

مُّبِينٌ۝١٢ لَّوۡلَا جَآءُو عَلَيۡهِ بِأَرۡبَعَةِ شُهَدَآءَۚ فَإِذۡ

مُّبِينٌ۝١٢	لَّوۡلَا جَآءُو	عَلَيۡهِ	بِأَرۡبَعَةِ	شُهَدَآءَۚ	فَإِذۡ
کھلا	وہ کیوں نہیں لائے	اس (الزام) پر	چار	گواہ	پھر جب
اس الزام پر وہ چار گواہ کیوں نہیں لائے					

لَمۡ يَأۡتُواْ بِٱلشُّهَدَآءِ فَأُوْلَٰٓئِكَ عِندَ ٱللَّهِ هُمُ ٱلۡكَٰذِبُونَ۝١٣

لَمۡ يَأۡتُواْ	بِٱلشُّهَدَآءِ	فَأُوْلَٰٓئِكَ	عِندَ ٱللَّهِ	هُمُ	ٱلۡكَٰذِبُونَ۝١٣
وہ نہیں لائے	گواہ	تو وہ لوگ	اللہ کے ہاں	وہ	جھوٹے ہیں
توجب وہ گواہ نہیں لائے تو اللہ کے نزدیک وہی جھوٹے ہیں۔					

وَلَوۡلَا فَضۡلُ ٱللَّهِ عَلَيۡكُمۡ وَرَحۡمَتُهُۥ فِي ٱلدُّنۡيَا وَٱلۡأٓخِرَةِ لَمَسَّكُمۡ

وَلَوۡلَا فَضۡلُ ٱللَّهِ	عَلَيۡكُمۡ	وَرَحۡمَتُهُۥ	فِي ٱلدُّنۡيَا وَٱلۡأٓخِرَةِ	لَمَسَّكُمۡ
اور اگر اللہ کا فضل نہ ہوتا	تم پر	اور اس کی رحمت	دنیا اور آخرت میں	تو یقیناً تمھیں پہنچتا
اور اگر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت دنیا اور آخرت میں تم پر نہ ہوتی				

فِي مَآ أَفَضۡتُمۡ فِيهِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ١٤ إِذۡ

فِي مَآ	أَفَضۡتُمۡ	فِيهِ	عَذَابٌ عَظِيمٌ ١٤	إِذۡ
اس کے سبب کہ	تم مشغول ہوئے	اس (جھوٹی بات) میں	بہت بڑا عذاب	جب
تو یقیناً تم نے جس بات کے چرچے شروع کر رکھے تھے اس بارے میں تمھیں بہت بڑا عذاب پہنچتا۔				

تَلَقَّوۡنَهُۥ بِأَلۡسِنَتِكُمۡ وَتَقُولُونَ بِأَفۡوَاهِكُم

تَلَقَّوۡنَهُۥ	بِأَلۡسِنَتِكُمۡ	وَتَقُولُونَ	بِأَفۡوَاهِكُم
تم اس (بات) کو ایکدوسرے سے لیتے تھے	اپنی زبانوں کے ساتھ	اور تم کہتے تھے	اپنے مونہوں کے ساتھ
جب تم اس (بات) کو اپنی زبانوں کے ساتھ ایکدوسرے سے لیتے تھے اور اپنے مونہوں سے وہ بات نکالتے تھے			

لَيۡسَ لَكُم بِهِۦ عِلۡمٌ وَتَحۡسَبُونَهُۥ هَيِّنًا

مَّا	لَيۡسَ	بِهِۦ	عِلۡمٌ	وَتَحۡسَبُونَهُۥ	هَيِّنًا
وہ (بات) کہ	نہیں تھا	اس کا	کوئی علم	اور تم اسے گمان کرتے تھے	معمولی
جس کا تمھیں کوئی علم نہ تھا اور تم اسے معمولی گمان کرتے تھے					

وَهُوَ عِندَ ٱللَّهِ عَظِيمٌ۝١٥ وَلَوۡلَآ إِذۡ سَمِعۡتُمُوهُ

وَهُوَ	عِندَ ٱللَّهِ	عَظِيمٌ۝١٥	وَلَوۡلَآ	إِذۡ	سَمِعۡتُمُوهُ
جبکہ وہ	اللہ کے نزدیک	بہت بڑی (بات) تھی	اور کیوں نہیں	جب	تم نے اس کو سنا

جبکہ وہ اللہ کے نزدیک بہت بڑی (بات) تھی۔ اور ایسا کیوں نہ ہوا کہ جب تم نے اسے سنا تو تم کہتے

قُلۡتُم مَّا يَكُونُ لَنَآ أَن نَّتَكَلَّمَ بِهَٰذَا سُبۡحَٰنَكَ

قُلۡتُم	مَّا يَكُونُ	لَنَآ	أَن نَّتَكَلَّمَ	بِهَٰذَا	سُبۡحَٰنَكَ
تم نے کہا	نہیں ہے لائق	ہمارے لیے	یہ کہ ہم کلام کریں	اس (بات) کے ساتھ	تو پاک ہے (اے اللہ!)

کہ ہمارے لیے جائز نہیں ہے کہ ہم ایسی بات زبان پر لائیں!

هَٰذَا بُهۡتَٰنٌ عَظِيمٌ۝١٦ يَعِظُكُمُ ٱللَّهُ أَن

هَٰذَا	بُهۡتَٰنٌ	عَظِيمٌ۝١٦	يَعِظُكُمُ	ٱللَّهُ	أَن
یہ	بہتان ہے	بہت ہی بڑا	تمھیں نصیحت کرتا ہے	اللہ	یہ کہ

(اور کہتے کہ) اے اللہ! تو پاک ہے یہ تو ایک بہت بڑا بہتان ہے۔ اللہ تمھیں نصیحت کرتا ہے

تَعُودُواْ لِمِثۡلِهِۦٓ أَبَدًا إِن كُنتُم مُّؤۡمِنِينَ۝١٧

تَعُودُواْ	لِمِثۡلِهِۦٓ	أَبَدًا	إِن	كُنتُم	مُّؤۡمِنِينَ۝١٧
تم دوبارہ (نہ) لوٹو	اس جیسی بات کی طرف	کبھی بھی	اگر	ہو تم	مومن

کہ تم دوبارہ کبھی بھی ایسی کوئی حرکت مت کرنا' اگر تم مومن ہو۔

وَيُبَيِّنُ ٱللَّهُ لَكُمُ ٱلْءَايَٰتِ ۚ وَٱللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿١٨﴾

وَيُبَيِّنُ ٱللَّهُ	لَكُمُ	ٱلْءَايَٰتِ	وَٱللَّهُ	عَلِيمٌ	حَكِيمٌ ﴿١٨﴾
اور اللہ کھول کر بیان کرتا ہے	تمھارے لیے	اپنی آیات	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا ہے
اور اللہ تمھارے لیے اپنی آیات کھول کر بیان کرتا ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔					

إِنَّ ٱلَّذِينَ يُحِبُّونَ أَن تَشِيعَ ٱلْفَٰحِشَةُ

إِنَّ	ٱلَّذِينَ	يُحِبُّونَ	أَن	تَشِيعَ	ٱلْفَٰحِشَةُ
بیشک	وہ لوگ جو	پسند کرتے ہیں	یہ کہ	پھیلے	بے حیائی
بیشک جو لوگ پسند کرتے ہیں کہ ایمان والوں میں بے حیائی پھیلے					

فِى ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ فِى ٱلدُّنْيَا

فِى ٱلَّذِينَ	ءَامَنُوا۟	لَهُمْ	عَذَابٌ	أَلِيمٌ	فِى ٱلدُّنْيَا
ان لوگوں میں جو	ایمان لائے	اُن کے لیے	عذاب ہے	دردناک	دنیا میں
اُن کے لیے دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب ہے					

وَٱلْءَاخِرَةِ ۚ وَٱللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ﴿١٩﴾ وَلَوْلَا

وَٱلْءَاخِرَةِ	وَٱللَّهُ	يَعْلَمُ	وَأَنتُمْ	لَا تَعْلَمُونَ ﴿١٩﴾	وَلَوْلَا
اور آخرت (میں)	اور اللہ	جانتا ہے	اور تم	نہیں جانتے	اور اگر نہ ہوتا
اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔					

فَضۡلُ ٱللَّهِ عَلَيۡكُمۡ وَرَحۡمَتُهُۥ وَأَنَّ ٱللَّهَ رَءُوفٌ

فَضۡلُ ٱللَّهِ	عَلَيۡكُمۡ	وَرَحۡمَتُهُۥ	وَأَنَّ	ٱللَّهَ	رَءُوفٌ
اللہ کا فضل	تم پر	اور اس کی رحمت	اور یہ کہ بلاشبہ	اللہ	نہایت نرمی کرنے والا
اور اگر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی اور یہ کہ بلاشبہ اللہ نہایت نرمی کرنے والا					

رَّحِيمٌ ﴿٢٠﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تَتَّبِعُواْ

رَّحِيمٌ ﴿٢٠﴾	يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ	ءَامَنُواْ	لَا تَتَّبِعُواْ
خوب رحم کرنے والا ہے (تو تہمت لگانے والوں کو فوراً عذاب دیتا)	اے وہ لوگوں	جو ایمان لائے ہو	تم پیروی نہ کرو
خوب رحم کرنے والا ہے (تو تہمت لگانے والوں کو فوراً عذاب دیتا)۔ اے ایمان والوں			

خُطُوَٰتِ ٱلشَّيۡطَٰنِۚ وَمَن يَتَّبِعۡ خُطُوَٰتِ ٱلشَّيۡطَٰنِ فَإِنَّهُۥ يَأۡمُرُ

خُطُوَٰتِ ٱلشَّيۡطَٰنِۚ	وَمَن	يَتَّبِعۡ	خُطُوَٰتِ ٱلشَّيۡطَٰنِ	فَإِنَّهُۥ	يَأۡمُرُ
شیطان کے قدموں کی	اور جو کوئی	پیروی کرے گا	شیطان کے قدموں کی	تو بیشک وہ	حکم کرتا ہے
تم شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو اور جو کوئی شیطان کے قدموں کی پیروی کرے گا					

بِٱلۡفَحۡشَآءِ وَٱلۡمُنكَرِۚ وَلَوۡلَا فَضۡلُ ٱللَّهِ عَلَيۡكُمۡ وَرَحۡمَتُهُۥ

بِٱلۡفَحۡشَآءِ	وَٱلۡمُنكَرِۚ	وَلَوۡلَا	فَضۡلُ ٱللَّهِ	عَلَيۡكُمۡ	وَرَحۡمَتُهُۥ
بے حیائی کا	اور بُرے کام کا	اور اگر نہ ہوتا	اللہ کا فضل	تم پر	اور اس کی رحمت
تو بیشک وہ (شیطان) بے حیائی اور بُرے کام کا حکم کرتا ہے اور اگر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی					

مَا زَكَىٰ مِنكُم مِّنْ أَحَدٍ أَبَدًا وَلَـٰكِنَّ ٱللَّهَ

ٱللَّهَ	وَلَـٰكِنَّ	أَبَدًا	مِّنْ أَحَدٍ	مِنكُم	مَا زَكَىٰ
اللہ	اور لیکن	کبھی بھی	کوئی ایک بھی	تم میں سے	توپاک نہ ہوتا

توتم میں سے کوئی ایک بھی کبھی بھی پاک نہ ہوتا

يُزَكِّي مَن يَشَآءُ ۗ وَٱللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿٢١﴾

عَلِيمٌ ﴿٢١﴾	سَمِيعٌ	وَٱللَّهُ	يَشَآءُ ۗ	مَن	يُزَكِّي
جاننے والا ہے	سننے والا	اور اللہ	وہ چاہتا ہے	جسے	پاک کرتا ہے

لیکن اللہ جسے چاہتا ہے پاک کرتا ہے اور اللہ سب کچھ سننے والا' ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے۔

وَلَا يَأْتَلِ أُو۟لُوا۟ ٱلْفَضْلِ مِنكُمْ وَٱلسَّعَةِ أَن يُؤْتُوٓا۟

يُؤْتُوٓا۟	أَن	وَٱلسَّعَةِ	مِنكُمْ	أُو۟لُوا۟ ٱلْفَضْلِ	وَلَا يَأْتَلِ
وہ (نہیں) دینگے (اپنامال)	اس بات پر کہ	اور وسعت والے	تم میں سے	فضل والے	اور قسم نہ کھائیں

تم میں سے جو فضل اور وسعت والے ہیں

أُو۟لِى ٱلْقُرْبَىٰ وَٱلْمَسَـٰكِينَ وَٱلْمُهَـٰجِرِينَ فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ ۖ وَلْيَعْفُوا۟ وَلْيَصْفَحُوٓا۟ ۗ

وَلْيَعْفُوا۟	فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ ۖ	وَٱلْمُهَـٰجِرِينَ	وَٱلْمَسَـٰكِينَ	أُو۟لِى ٱلْقُرْبَىٰ
اور چاہیے کہ وہ معاف کردیں	اللہ کے راستے میں	اور ہجرت کرنے والوں کو	اور مسکینوں کو	قرابت داروں کو

انہیں اپنے قرابت داروں اور مسکینوں اور ہجرت کرنے والوں کو اللہ کے راستے میں دینے سے قسم نہیں کھانی چاہیے

وَلۡيَصۡفَحُوٓاْۗ أَلَا تُحِبُّونَ أَن يَغۡفِرَ ٱللَّهُ لَكُمۡۚ

وَلۡيَصۡفَحُوٓاْۗ	أَ	لَا تُحِبُّونَ	أَن	يَغۡفِرَ ٱللَّهُ	لَكُمۡۚ
اور چاہیے کہ وہ درگزر کریں	کیا	تم پسند نہیں کرتے	یہ کہ	اللہ بخش دے	تمھیں
اور چاہیے کہ وہ معاف کر دیں اور درگزر کریں کیا تم پسند نہیں کرتے یہ کہ اللہ تمھیں بخش دے					

وَٱللَّهُ غَفُورٞ رَّحِيمٌ ٢٢ إِنَّ ٱلَّذِينَ يَرۡمُونَ

وَٱللَّهُ	غَفُورٞ	رَّحِيمٌ ٢٢	إِنَّ	ٱلَّذِينَ	يَرۡمُونَ
اور اللہ	بہت بخشنے والا	نہایت رحم کرنے والا ہے	بیشک	وہ لوگ جو	(زنا) کی تہمت لگاتے ہیں
اور اللہ بہت بخشنے والا نہایت رحم کرنے والا ہے۔					

ٱلۡمُحۡصَنَٰتِ ٱلۡغَٰفِلَٰتِ ٱلۡمُؤۡمِنَٰتِ لُعِنُواْ فِي ٱلدُّنۡيَا وَٱلۡأٓخِرَةِ وَلَهُمۡ

ٱلۡمُحۡصَنَٰتِ	ٱلۡغَٰفِلَٰتِ	ٱلۡمُؤۡمِنَٰتِ	لُعِنُواْ	فِي ٱلدُّنۡيَا وَٱلۡأٓخِرَةِ	وَلَهُمۡ
پاک دامن	بے خبر	مومن عورتوں پر	اُن پر لعنت کی گئی ہے	دنیا اور آخرت میں	اور اُن کے لیے
بیشک وہ لوگ جو پاک دامن بے خبر اور مومن عورتوں پر (زنا) کی تہمت لگاتے ہیں اُن پر دنیا اور آخرت میں لعنت کی گئی ہے					

عَذَابٌ عَظِيمٞ ٢٣ يَوۡمَ تَشۡهَدُ عَلَيۡهِمۡ أَلۡسِنَتُهُمۡ وَأَيۡدِيهِمۡ

عَذَابٌ عَظِيمٞ ٢٣	يَوۡمَ	تَشۡهَدُ	عَلَيۡهِمۡ	أَلۡسِنَتُهُمۡ	وَأَيۡدِيهِمۡ
عذاب عظیم ہے	جس دن	گواہی دینگی	ان پر (ان کے خلاف)	ان کی زبانیں	اور اُن کے ہاتھ
اور اُن کے لیے عذاب عظیم ہے جس دن ان پر (ان کے خلاف) ان کی زبانیں ان کے ہاتھ اور اُن کے پیر گواہی دینگی					

وَأَرۡجُلُهُم بِمَا كَانُواْ يَعۡمَلُونَ ٢٤ يَوۡمَئِذٖ يُوَفِّيهِمُ

وَأَرۡجُلُهُم	بِمَا	كَانُواْ	يَعۡمَلُونَ ٢٤	يَوۡمَئِذٖ	يُوَفِّيهِمُ
اور اُن کے پیر	اس کی بابت جو	وہ تھے	عمل کیا کرتے	اس دن	انہیں پورا دے گا

اس بارے میں کہ جو وہ عمل کیا کرتے تھے۔ اس دن اللہ انہیں پورا پورا بدلہ حق وانصاف کے ساتھ دے گا

ٱللَّهُ دِينَهُمُ ٱلۡحَقَّ وَيَعۡلَمُونَ أَنَّ ٱللَّهَ هُوَ ٱلۡحَقُّ

ٱللَّهُ	دِينَهُمُ	ٱلۡحَقَّ	وَيَعۡلَمُونَ	أَنَّ	ٱللَّهَ هُوَ ٱلۡحَقُّ
اللہ	ان کا بدلہ	پورا پورا ہی (جو لائق ہے)	اور وہ جان لینگے	کہ بیشک	اللہ ہی حق ہے

اور وہ جان لینگے کہ بیشک اللہ ہی حق کو کھول کر بیان کرنے والا ہے

ٱلۡمُبِينُ ٢٥ ٱلۡخَبِيثَٰتُ لِلۡخَبِيثِينَ وَٱلۡخَبِيثُونَ لِلۡخَبِيثَٰتِۖ

ٱلۡمُبِينُ ٢٥	ٱلۡخَبِيثَٰتُ	لِلۡخَبِيثِينَ	وَٱلۡخَبِيثُونَ	لِلۡخَبِيثَٰتِۖ
(حق کو) بیان کرنے والا ہے	خبیث عورتیں	خبیث مردوں کے لیے	اور خبیث مرد	خبیث عورتوں کے لیے ہیں

خبیث عورتیں خبیث مردوں کے لیے ہیں اور خبیث مرد خبیث عورتوں کے لیے ہیں

وَٱلطَّيِّبَٰتُ لِلطَّيِّبِينَ وَٱلطَّيِّبُونَ لِلطَّيِّبَٰتِۚ أُوْلَٰٓئِكَ مُبَرَّءُونَ

وَٱلطَّيِّبَٰتُ	لِلطَّيِّبِينَ	وَٱلطَّيِّبُونَ	لِلطَّيِّبَٰتِۚ	أُوْلَٰٓئِكَ	مُبَرَّءُونَ
اور پاکیزہ عورتیں	پاکیزہ مردوں کے لیے ہیں	اور پاکیزہ مرد	پاکیزہ عورتوں کے لیے ہیں	یہ (پاکیزہ) لوگ	بری ہیں

اور پاکیزہ عورتیں پاکیزہ مردوں کے لیے ہیں اور پاکیزہ مرد پاکیزہ عورتوں کے لیے ہیں یہ پاکیزہ لوگ بری ہیں

مِمَّا يَقُولُونَۖ لَهُم مَّغۡفِرَةٞ وَرِزۡقٞ كَرِيمٞ ﴿٢٦﴾

مِمَّا	يَقُولُونَۖ	لَهُم	مَّغۡفِرَةٞ	وَرِزۡقٞ كَرِيمٞ ﴿٢٦﴾
اس سے جو	وہ (خبیث لوگ ان کی بابت) کہتے ہیں	انہی کے لیے	مغفرت	اور عزت والا رزق ہے
اس سے جو وہ (خبیث لوگ ان کی بابت) کہتے ہیں انہی کے لیے مغفرت اور عزت والا رزق ہے				

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تَدۡخُلُواْ بُيُوتًا غَيۡرَ بُيُوتِكُمۡ

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ	ءَامَنُواْ	لَا تَدۡخُلُواْ	بُيُوتًا	غَيۡرَ بُيُوتِكُمۡ
اے وہ لوگوں جو	ایمان لائے ہو	تم داخل نہ ہو	اور گھروں میں	سوائے اپنے گھروں کے
اے ایمان والوں! اپنے گھروں کے علاوہ دوسرے گھروں میں داخل نہ ہو				

حَتَّىٰ تَسۡتَأۡنِسُواْ وَتُسَلِّمُواْ عَلَىٰٓ أَهۡلِهَاۚ ذَٰلِكُمۡ خَيۡرٞ لَّكُمۡ

حَتَّىٰ تَسۡتَأۡنِسُواْ	وَتُسَلِّمُواْ	عَلَىٰٓ أَهۡلِهَاۚ	ذَٰلِكُمۡ	خَيۡرٞ	لَّكُمۡ
یہاں تک کہ تم اجازت لے لو	اور تم سلام کرلو	ان کے اہل خانہ پر	یہ	بہت بہتر ہے	تمھارے لیے
جب تک کہ تم اجازت نہ لے لو اور ان کے اہل خانہ کو سلام نہ کر لو یہ تمھارے لیے بہت بہتر ہے					

لَعَلَّكُمۡ تَذَكَّرُونَ ﴿٢٧﴾ فَإِن لَّمۡ تَجِدُواْ فِيهَآ أَحَدٗا

لَعَلَّكُمۡ	تَذَكَّرُونَ ﴿٢٧﴾	فَإِن	لَّمۡ تَجِدُواْ	فِيهَآ	أَحَدٗا
تاکہ تم	نصیحت حاصل کرو	پھر اگر	تم نہ پاؤ	ان میں	کسی کو
تاکہ تم نصیحت حاصل کرو۔ پھر اگر تم اس گھر میں کسی کو نہ پاؤ					

فَلَا تَدۡخُلُوهَا حَتَّىٰ يُؤۡذَنَ لَكُمۡۖ وَإِن قِيلَ

فَلَا تَدۡخُلُوهَا	حَتَّىٰ	يُؤۡذَنَ	لَكُمۡۖ	وَإِن	قِيلَ
تو تم ان میں داخل نہ ہو	یہاں تک کہ	اجازت دی جائے	تمھیں	اور اگر	کہا جائے
تو اس گھر میں داخل نہ ہو یہاں تک کہ تمھیں اجازت دی جائے اور اگر تمھیں کہا جائے لوٹ جاؤ					

لَكُمُ ٱرۡجِعُواْ فَٱرۡجِعُواْۖ هُوَ أَزۡكَىٰ لَكُمۡۚ

لَكُمُ	ٱرۡجِعُواْ	فَٱرۡجِعُواْۖ	هُوَ	أَزۡكَىٰ	لَكُمۡۚ
تمھیں	لوٹ جاؤ	تو تم لوٹ جاؤ	یہ (واپسی)	بہت پاکیزہ ہے	تمھارے لیے
تو تم لوٹ جاؤ یہ واپسی تمھارے لیے بہت پاکیزہ ہے					

وَٱللَّهُ بِمَا تَعۡمَلُونَ عَلِيمٞ ٢٨ لَّيۡسَ عَلَيۡكُمۡ

وَٱللَّهُ	بِمَا	تَعۡمَلُونَ	عَلِيمٞ ٢٨	لَّيۡسَ	عَلَيۡكُمۡ
اور اللہ	اس کو جو	تم عمل کرتے ہو	خوب جاننے والا ہے	نہیں ہے	تم پر
اور اللہ تمھارے اعمال کو خوب جاننے والا ہے۔ تم پر کوئی گناہ نہیں ہے					

جُنَاحٌ أَن تَدۡخُلُواْ بُيُوتًا غَيۡرَ مَسۡكُونَةٖ

جُنَاحٌ	أَن	تَدۡخُلُواْ	بُيُوتًا	غَيۡرَ	مَسۡكُونَةٖ
کوئی گناہ	اس سے کہ	تم داخل ہو	ایسے گھروں میں	کہ نہیں	رہائش ہوتی
کہ تم غیر رہائشی گھروں میں بغیر اجازت چلے جاؤ					

فِيهَا مَتَٰعٌ لَّكُمۡۚ وَٱللَّهُ يَعۡلَمُ مَا

فِيهَا	مَتَٰعٌ	لَّكُمۡۚ	وَٱللَّهُ	يَعۡلَمُ	مَا
(اور) ان میں	فائدہ ہو	تمھارے لیے	اور اللہ	خوب جانتا ہے	اس کو جو
اور ان میں تمھارے لیے فائدہ ہو اور اللہ خوب جانتا ہے					

تُبۡدُونَ وَمَا تَكۡتُمُونَ ٢٩ قُل لِّلۡمُؤۡمِنِينَ يَغُضُّواْ

تُبۡدُونَ	وَمَا	تَكۡتُمُونَ ٢٩	قُل	لِّلۡمُؤۡمِنِينَ	يَغُضُّواْ
تم ظاہر کرتے ہو	اور جو	تم چھپاتے ہو	کہہ دیجیے	مومن مردوں سے	وہ نیچی رکھیں
اس کو جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو۔ مومن مردوں سے کہہ دیجیے					

مِنۡ أَبۡصَٰرِهِمۡ وَيَحۡفَظُواْ فُرُوجَهُمۡۚ ذَٰلِكَ أَزۡكَىٰ لَهُمۡۚ

مِنۡ أَبۡصَٰرِهِمۡ	وَيَحۡفَظُواْ	فُرُوجَهُمۡۚ	ذَٰلِكَ	أَزۡكَىٰ	لَهُمۡۚ
اپنی نگاہیں	اور حفاظت کریں	اپنی شرمگاہوں کی	یہ	بہت پاکیزہ ہے	ان کے لیے
کہ وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں یہ ان کے لیے بہت پاکیزہ ہے					

إِنَّ ٱللَّهَ خَبِيرُۢ بِمَا يَصۡنَعُونَ ٣٠ وَقُل

إِنَّ	ٱللَّهَ	خَبِيرُۢ	بِمَا	يَصۡنَعُونَ ٣٠	وَقُل
بیشک	اللہ	خوب خبر دار ہے	اس کو جو	وہ کرتے ہیں	اور آپ کہہ دیجیے
بیشک اللہ خوب خبر دار ہے اس کو جو وہ کرتے ہیں۔ اور آپ مومن عورتوں سے بھی کہہ دیجیے					

لِّلۡمُؤۡمِنَٰتِ يَغۡضُضۡنَ مِنۡ أَبۡصَٰرِهِنَّ وَيَحۡفَظۡنَ فُرُوجَهُنَّ وَلَا يُبۡدِينَ

لِّلۡمُؤۡمِنَٰتِ	يَغۡضُضۡنَ	مِنۡ أَبۡصَٰرِهِنَّ	وَيَحۡفَظۡنَ	فُرُوجَهُنَّ	وَلَا يُبۡدِينَ
مومن عورتوں سے	وہ نیچی رکھیں	اپنی نظریں	اور وہ حفاظت کریں	اپنی شرمگاہوں کی	اور وہ ظاہر نہ کریں
کہ وہ اپنی نظریں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں					

زِينَتَهُنَّ إِلَّا مَا ظَهَرَ مِنۡهَاۖ وَلۡيَضۡرِبۡنَ

زِينَتَهُنَّ	إِلَّا	مَا	ظَهَرَ	مِنۡهَاۖ	وَلۡيَضۡرِبۡنَ
اپنی زینت (بناؤ سنگھار)	مگر	وہ جو	ظاہر ہو	اس میں سے	اور چاہیے کہ وہ ڈالے رہیں
اور وہ اپنی زینت (بناؤ سنگھار) کا اظہار نہ کریں' سوائے اس کہ جو اس میں سے خود بخود ظاہر ہو جائے					

بِخُمُرِهِنَّ عَلَىٰ جُيُوبِهِنَّۖ وَلَا يُبۡدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُولَتِهِنَّ

بِخُمُرِهِنَّ	عَلَىٰ جُيُوبِهِنَّۖ	وَلَا يُبۡدِينَ	زِينَتَهُنَّ	إِلَّا	لِبُعُولَتِهِنَّ
اپنی اوڑھنیاں	اپنے گریبانوں پر	اور وہ ظاہر نہ کریں	اپنی زینت	مگر	اپنے شوہروں کے لیے
اور چاہیے کہ وہ اپنی اوڑھنیاں اپنے گریبانوں پر ڈالے رہیں اور وہ اپنی زینت ظاہر نہ کریں مگر اپنے شوہروں کے لیے					

أَوۡ ءَابَآئِهِنَّ أَوۡ ءَابَآءِ بُعُولَتِهِنَّ أَوۡ أَبۡنَآئِهِنَّ

أَوۡ	ءَابَآئِهِنَّ	أَوۡ	ءَابَآءِ بُعُولَتِهِنَّ	أَوۡ	أَبۡنَآئِهِنَّ
یا	اپنے باپ دادا کے لیے	یا	اپنے شوہروں کے باپ دادا کے لیے	یا	اپنے بیٹوں کے لیے
یا اپنے باپ دادا کے لیے یا اپنے شوہروں کے باپ دادا کے لیے یا اپنے بیٹوں کے لیے					

أَوْ أَبْنَآءِ بُعُولَتِهِنَّ أَوْ إِخْوَٰنِهِنَّ أَوْ بَنِيٓ إِخْوَٰنِهِنَّ

أَوْ	أَبْنَآءِ بُعُولَتِهِنَّ	أَوْ	إِخْوَٰنِهِنَّ	أَوْ	بَنِيٓ إِخْوَٰنِهِنَّ
یا	اپنے شوہر کے (دیگر بیویوں سے) بیٹوں کے لیے	یا	اپنے بھائیوں کے لیے	یا	اپنے بھائیوں کے بیٹوں کے لیے
یا اپنے شوہر کے (دیگر بیویوں سے) بیٹوں کے لیے یا اپنے بھائیوں کے لیے یا اپنے بھائیوں کے بیٹوں کے لیے					

أَوْ بَنِيٓ أَخَوَٰتِهِنَّ أَوْ نِسَآئِهِنَّ أَوْ مَا

أَوْ	بَنِيٓ أَخَوَٰتِهِنَّ	أَوْ	نِسَآئِهِنَّ	أَوْ	مَا
یا	اپنی بہنوں کے بیٹوں کے لیے	یا	اپنی (مسلمان) عورتوں کے لیے	یا	ان کے لیے جن کے
یا اپنی بہنوں کے بیٹوں کے لیے یا اپنی (مسلمان) عورتوں کے لیے یا ان کے لیے جن کے مالک ہوئے ان کے دائیں ہاتھ					

مَلَكَتْ أَيْمَٰنُهُنَّ أَوِ ٱلتَّٰبِعِينَ غَيْرِ أُوْلِي ٱلْإِرْبَةِ مِنَ ٱلرِّجَالِ

مَلَكَتْ	أَيْمَٰنُهُنَّ	أَوِ	ٱلتَّٰبِعِينَ	غَيْرِ أُوْلِي ٱلْإِرْبَةِ	مِنَ ٱلرِّجَالِ
مالک ہوئے	ان کے دائیں ہاتھ	یا	ان نوکروں چاکروں کے	جو (عورتوں کے) حاجت مند نہیں	مردوں میں سے
یا ان نوکروں چاکروں (مردوں) کے جو (عورتوں کے) حاجت مند نہیں					

أَوِ ٱلطِّفْلِ ٱلَّذِينَ لَمْ يَظْهَرُواْ عَلَىٰ عَوْرَٰتِ ٱلنِّسَآءِ ۖ وَلَا يَضْرِبْنَ

أَوِ	ٱلطِّفْلِ	ٱلَّذِينَ	لَمْ يَظْهَرُواْ	عَلَىٰ عَوْرَٰتِ ٱلنِّسَآءِ ۖ	وَلَا يَضْرِبْنَ
یا	ان نابالغ چھوٹے بچوں کے لیے	جو	واقف نہیں ہوئے	عورتوں کی چھپی باتوں سے	اور وہ (عورتیں) نہ ماریں
یا ان نابالغ چھوٹے بچوں کے لیے جو عورتوں کی چھپی باتوں سے واقف نہیں ہوئے					

بِأَرۡجُلِهِنَّ لِيُعۡلَمَ مَا يُخۡفِينَ مِن زِينَتِهِنَّۚ وَتُوبُوٓاْ

بِأَرۡجُلِهِنَّ	لِيُعۡلَمَ	مَا	يُخۡفِينَ	مِن زِينَتِهِنَّۚ	وَتُوبُوٓاْ
اپنے پاؤں (زمین پر)	تا کہ جانا جائے	وہ جو	وہ چھپاتی ہیں	اپنے بناؤ سنگھار سے	اور تم توبہ کرو
اور وہ (عورتیں) اپنے پاؤں (زمین پر) مار کر نہ چلیں کہ ان کی پوشیدہ زینت معلوم ہو جائے					

إِلَى ٱللَّهِ جَمِيعًا أَيُّهَ ٱلۡمُؤۡمِنُونَ لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُونَ۝٣١ وَأَنكِحُواْ

إِلَى ٱللَّهِ	جَمِيعًا	أَيُّهَ ٱلۡمُؤۡمِنُونَ	لَعَلَّكُمۡ	تُفۡلِحُونَ۝٣١	وَأَنكِحُواْ
اللہ کی طرف	سارے ہی	اے مومنو!	تا کہ تم	فلاح پاؤ	اور تم نکاح کرو
اور اے اہل ایمان! تم سب کے سب مل کر اللہ کی جناب میں توبہ کرو تا کہ تم فلاح پاؤ۔					

ٱلۡأَيَٰمَىٰ مِنكُمۡ وَٱلصَّٰلِحِينَ مِنۡ عِبَادِكُمۡ وَإِمَآئِكُمۡۚ

ٱلۡأَيَٰمَىٰ	مِنكُمۡ	وَٱلصَّٰلِحِينَ	مِنۡ عِبَادِكُمۡ	وَإِمَآئِكُمۡۚ
بے نکاحوں کا	اپنے میں سے	اور (ان کا بھی جو) نیک ہیں	تمھارے غلاموں میں سے	اور تمھاری کنیزوں (میں سے)
تم میں سے جو مرد و عورت بے نکاح کے ہوں ان کا نکاح کر دو اور اپنے غلاموں اور کنیزوں کا بھی۔				

إِن يَكُونُواْ فُقَرَآءَ يُغۡنِهِمُ ٱللَّهُ مِن فَضۡلِهِۦۗ

إِن	يَكُونُواْ	فُقَرَآءَ	يُغۡنِهِمُ	ٱللَّهُ	مِن فَضۡلِهِۦۗ
اگر	وہ ہونگے	فقیر	تو انہیں غنی کر دے گا	اللہ	اپنے فضل سے
اگر وہ فقیر ہونگے تو اللہ انہیں اپنے فضل سے غنی کر دے گا					

وَٱللَّهُ وَٰسِعٌ عَلِيمٌ۝٣٢ وَلۡيَسۡتَعۡفِفِ ٱلَّذِينَ لَا يَجِدُونَ

لَا يَجِدُونَ	ٱلَّذِينَ	وَلۡيَسۡتَعۡفِفِ	عَلِيمٌ۝٣٢	وَٰسِعٌ	وَٱللَّهُ
نہیں پاتے	وہ لوگ جو	اور چاہیے کہ (زنا سے) دامن بچائے رکھیں	جاننے والا ہے	وسعت والا	اور اللہ

اور اللہ وسعت والا جاننے والا ہے۔ اور چاہیے کہ (زنا سے) دامن بچائے رکھیں

نِكَاحًا حَتَّىٰ يُغۡنِيَهُمُ ٱللَّهُ مِن فَضۡلِهِۦۗ وَٱلَّذِينَ

وَٱلَّذِينَ	مِن فَضۡلِهِۦۗ	ٱللَّهُ	يُغۡنِيَهُمُ	حَتَّىٰ	نِكَاحًا
اور وہ لوگ جو	اپنے فضل سے	اللہ	انہیں غنی کردے	یہاں تک کہ	نکاح (کی طاقت)

وہ لوگ جو نکاح (کی طاقت) نہیں پاتے یہاں تک کہ اللہ انہیں اپنے فضل سے غنی کردے

يَبۡتَغُونَ ٱلۡكِتَٰبَ مِمَّا مَلَكَتۡ

مَلَكَتۡ	مِمَّا	ٱلۡكِتَٰبَ	يَبۡتَغُونَ
ان کے مالک ہوئے	ان لوگوں میں سے کہ	مکاتبت (مال کے بدلے آزادی کا تحریری مطالبہ)	چاہتے ہیں

اور وہ لوگ جو مکاتبت (مال کے بدلے آزادی کا تحریری مطالبہ) چاہتے ہیں

أَيۡمَٰنُكُمۡ فَكَاتِبُوهُمۡ إِنۡ عَلِمۡتُمۡ فِيهِمۡ خَيۡرًاۖ

خَيۡرًاۖ	فِيهِمۡ	عَلِمۡتُمۡ	إِنۡ	فَكَاتِبُوهُمۡ	أَيۡمَٰنُكُمۡ
بھلائی	ان میں	تم جان لو	اگر	تو تم ان سے مکاتبت کرلو	تمھارے دائیں ہاتھ

تمھارے غلاموں میں سے تو تم ان سے مکاتبت کرلو اگر تم ان میں بھلائی جان لو

وَءَاتُوهُم مِّن مَّالِ ٱللَّهِ ٱلَّذِىٓ ءَاتَىٰكُمۡۚ وَلَا تُكۡرِهُواْ

وَلَا تُكۡرِهُواْ	ءَاتَىٰكُمۡۚ	ٱلَّذِىٓ	مِّن مَّالِ ٱللَّهِ	وَءَاتُوهُم
اور تم مجبور نہ کرو	اس نے تمھیں دیا ہے	وہ جو	اللہ کے (دیئے ہوئے) مال میں سے	اور تم انہیں دو

اور ان کو اس مال میں سے دو جو اللہ نے تمھیں دیا ہے

فَتَيَٰتِكُمۡ عَلَى ٱلۡبِغَآءِ إِنۡ أَرَدۡنَ تَحَصُّنٗا لِّتَبۡتَغُواْ

لِّتَبۡتَغُواْ	تَحَصُّنٗا	أَرَدۡنَ	إِنۡ	عَلَى ٱلۡبِغَآءِ	فَتَيَٰتِكُمۡ
تاکہ تم تلاش کرو	بچنا	وہ چاہیں	اگر	بدکاری پر	اپنی لونڈیوں کو

اور تم اپنی لونڈیوں کو بدکاری پر مجبور نہ کرو جبکہ وہ خود پاک دامن رہنا چاہیں

عَرَضَ ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَاۚ وَمَن يُكۡرِههُّنَّ فَإِنَّ ٱللَّهَ

ٱللَّهَ	فَإِنَّ	يُكۡرِههُّنَّ	وَمَن	ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَاۚ	عَرَضَ
اللہ	تو بیشک	انہیں مجبور کرے گا	اور جو کوئی	دنیا کی زندگی کا	سامان

تاکہ تم دنیا کی زندگی کا سامان حاصل کرو اور جو کوئی انہیں (بدکاری پر) مجبور کرے گا

مِنۢ بَعۡدِ إِكۡرَٰهِهِنَّ غَفُورٞ رَّحِيمٞ ٣٣ وَلَقَدۡ أَنزَلۡنَآ إِلَيۡكُمۡ

إِلَيۡكُمۡ	أَنزَلۡنَآ	وَلَقَدۡ	رَّحِيمٞ ٣٣	غَفُورٞ	مِنۢ بَعۡدِ إِكۡرَٰهِهِنَّ
تمھاری طرف	ہم نے نازل کی	اور یقیناً	نہایت رحم کرنے والا ہے	بہت بخشنے والا	ان کے مجبور کیے جانے کے بعد

تو بیشک اللہ ان کے مجبور کیے جانے کے بعد بہت بخشنے والا نہایت رحم کرنے والا ہے۔

ءَايَـٰتٍ مُّبَيِّنَـٰتٍ وَمَثَلًا مِّنَ ٱلَّذِينَ خَلَوْا۟ مِن قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً

وَمَوْعِظَةً	مِن قَبْلِكُمْ	خَلَوْا۟	مِّنَ ٱلَّذِينَ	وَمَثَلًا	ءَايَـٰتٍ مُّبَيِّنَـٰتٍ
اور عظیم نصیحت	تم سے پہلے	گزر چکے	ان لوگوں کا جو	اور کچھ حال	واضح آیات
اور یقیناً ہم نے تمھاری طرف واضح آیات نازل کیں اور کچھ حال ان لوگوں کا جو تم سے پہلے گزر چکے					

لِّلْمُتَّقِينَ ۝٣٤ ٱللَّهُ نُورُ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۚ مَثَلُ نُورِهِۦ كَمِشْكَوٰةٍ

كَمِشْكَوٰةٍ	مَثَلُ نُورِهِۦ	ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۚ	نُورُ	ٱللَّهُ	لِّلْمُتَّقِينَ ۝٣٤
(روشن) طاق کی طرح ہے	اس کے نور کی مثال	آسمانوں اور زمین کا	نور ہے	اللہ	پرہیز گاروں کے لیے
اور پرہیز گاروں کے لیے عظیم نصیحت ہے۔ اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔ اس کے نور کی مثال ایسے ہے جیسے ایک طاق					

فِيهَا مِصْبَاحٌ ۖ ٱلْمِصْبَاحُ فِى زُجَاجَةٍ ۖ ٱلزُّجَاجَةُ كَأَنَّهَا

كَأَنَّهَا	ٱلزُّجَاجَةُ	فِى زُجَاجَةٍ ۖ	ٱلْمِصْبَاحُ	مِصْبَاحٌ ۖ	فِيهَا
گویا کہ وہ	وہ شیشے کی قندیل	شیشے کی قندیل میں ہے	وہ چراغ	ایک چراغ ہے	اس (طاق) میں
اس (طاق) میں ایک روشن چراغ ہے وہ چراغ شیشے کی قندیل میں ہے وہ شیشے کی قندیل					

كَوْكَبٌ دُرِّىٌّ يُوقَدُ مِن شَجَرَةٍ مُّبَـٰرَكَةٍ زَيْتُونَةٍ

زَيْتُونَةٍ	مُّبَـٰرَكَةٍ	مِن شَجَرَةٍ	يُوقَدُ	دُرِّىٌّ	كَوْكَبٌ
جو زیتون کا ہے	جو مبارک ہے	ایک درخت سے	وہ (چراغ) جلایا جاتا ہے	چمکتا ہوا	ایک ستارہ ہے
گویا کہ وہ ایک چمکتا ہوا ستارہ ہے وہ (چراغ) جلایا جاتا ہے زیتون کے ایک مبارک درخت سے'					

لَّا شَرۡقِيَّةٍ وَلَا غَرۡبِيَّةٍ يَكَادُ زَيۡتُهَا يُضِيٓءُ وَلَوۡ

وَلَوۡ	يُضِيٓءُ	زَيۡتُهَا	يَكَادُ	وَلَا غَرۡبِيَّةٍ	لَّا شَرۡقِيَّةٍ
اگرچہ	(خودبخود)روشن ہو جائے	اس(زیتون)کا تیل	قریب ہے کہ	اورنہ مگربی	نہ وہ مشرقی جانب ہے
جونہ شرقی ہے اورنہ مغربی' قریب ہے کہ اس(زیتون)کا تیل(خودبخود)روشن ہو جائے					

لَمۡ تَمۡسَسۡهُ نَارٞۚ نُّورٌ عَلَىٰ نُورٖۚ يَهۡدِي ٱللَّهُ

ٱللَّهُ	يَهۡدِي	عَلَىٰ نُورٖۚ	نُّورٌ	نَارٞۚ	لَمۡ تَمۡسَسۡهُ
اللہ	ہدایت دیتا ہے	پر نور ہے	نور	آگ	اسے نہ چھوئے
اگرچہ اسے آگ نہ چھوئے نور پر نور ہے اللہ جسے چاہتا ہے اپنے نور کی طرف ہدایت دیتا ہے					

لِنُورِهِۦ مَن يَشَآءُۚ وَيَضۡرِبُ ٱللَّهُ ٱلۡأَمۡثَٰلَ

ٱلۡأَمۡثَٰلَ	ٱللَّهُ	وَيَضۡرِبُ	يَشَآءُۚ	مَن	لِنُورِهِۦ
مثالیں	اللہ	اور بیان کرتا ہے	وہ چاہتا ہے	جسے	اپنے نور کی طرف
اور اللہ لوگوں کے لیے مثالیں بیان کرتا ہے					

لِلنَّاسِۗ وَٱللَّهُ بِكُلِّ شَيۡءٍ عَلِيمٞ ٣٥ فِي بُيُوتٍ

فِي بُيُوتٍ	عَلِيمٞ ٣٥	بِكُلِّ شَيۡءٍ	وَٱللَّهُ	لِلنَّاسِۗ
(یہ چراغ اور قندلیں)ان گھروں میں ہیں	خوب جاننے والا ہے	ہر چیز کو	اور اللہ	لوگوں کے لیے
اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔(یہ چراغ اور قندلیں)ان گھروں میں ہیں				

أَذِنَ ٱللَّهُ أَن تُرۡفَعَ وَيُذۡكَرَ فِيهَا ٱسۡمُهُۥ

ٱسۡمُهُۥ	فِيهَا	وَيُذۡكَرَ	تُرۡفَعَ	أَن	أَذِنَ ٱللَّهُ
اس (اللہ) کا نام	اس میں	اور ذکر کیا جائے	انہیں بلند کیا جائے	یہ کہ	کہ اللہ نے حکم دیا ہے
کہ اللہ نے حکم دیا ہے کہ انہیں بلند کیا جائے اور ان میں اللہ کا ذکر کیا جائے					

يُسَبِّحُ لَهُۥ فِيهَا بِٱلۡغُدُوِّ وَٱلۡأٓصَالِ ٣٦ رِجَالٌ

رِجَالٌ	وَٱلۡأٓصَالِ ٣٦	بِٱلۡغُدُوِّ	فِيهَا	لَهُۥ	يُسَبِّحُ
ایسے مرد	اور شام	صبح	ان (گھروں) میں	اس کی	تسبیح بیان کرتے ہیں
ان (گھروں) میں صبح اور شام اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہیں۔					

لَّا تُلۡهِيهِمۡ تِجَٰرَةٌ وَلَا بَيۡعٌ عَن ذِكۡرِ ٱللَّهِ وَإِقَامِ ٱلصَّلَوٰةِ

وَإِقَامِ ٱلصَّلَوٰةِ	عَن ذِكۡرِ ٱللَّهِ	وَلَا بَيۡعٌ	تِجَٰرَةٌ	لَّا تُلۡهِيهِمۡ
اور نماز قائم کرنے سے	اللہ کے ذکر سے	اور نہ کوئی خرید و فروخت	کوئی تجارت	کہ انہیں غافل نہیں کرتی
وہ مرد جنہیں کسی قسم کی کوئی تجارت یا خرید و فروخت اللہ کے ذکر سے 'نماز قائم کرنے سے اور زکاۃ ادا کرنے سے غافل نہیں کرتی				

وَإِيتَآءِ ٱلزَّكَوٰةِ يَخَافُونَ يَوۡمًا تَتَقَلَّبُ فِيهِ ٱلۡقُلُوبُ

ٱلۡقُلُوبُ	فِيهِ	تَتَقَلَّبُ	يَوۡمًا	يَخَافُونَ	وَإِيتَآءِ ٱلزَّكَوٰةِ
دل	اس میں	کہ الٹ جائینگے	اس دن سے	وہ ڈرتے ہیں	اور زکاۃ ادا کرنے سے
(اس سب کچھ کے باوجود بھی) وہ ڈرتے ہیں اس دن کے تصور سے جس دن دل اور نگاہیں الٹ جائینگے					

وَٱلۡأَبۡصَٰرُ ٣٧ لِيَجۡزِيَهُمُ ٱللَّهُ أَحۡسَنَ مَا عَمِلُواْ

وَٱلۡأَبۡصَٰرُ ٣٧	لِيَجۡزِيَهُمُ	ٱللَّهُ	أَحۡسَنَ	مَا	عَمِلُواْ
اور آنکھیں	(وہ یہ کام کرتے ہیں) تاکہ انہیں جزا دے	اللہ	بہترین	ان(اعمال) کی جو	انہوں نے کیے
